© rasailojaraid.com


# مطبوعات

(افسوس ہے کہ اس مرتبہ کتابوں کا تفصیلی مطالعہ کرنے کے بجائے محض ایک سرسری نگاہ ڈال کر ریویو درج کئے جا رہے ہیں۔ ادھر تو کتابوں کا ایک ڈھیر پڑا ہے اور ادھر مصروفیات کا ایک ہجوم ہے۔ اندریں حال ریویو کا حق ادا نہ ہو سکے گا، لیکن پھر بھی جو رائے عرض کی جا رہی ہے، احتیاط کے ساتھ عرض کی جا رہی ہے، اور بہر حال میں کوتاہیوں سے بچانے والا خود اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ ادارہ)

**"الفرقان" حج نمبر**

بہ ادارت: جناب مولانا محمد منظور صاحب نعمانی۔
مقام اشاعت: دفتر الفرقان گوئن روڈ۔ لکھنؤ۔
قیمت: عہ (قیمت عام نمبر فی کاپی ۸ر) چندہ سالانہ صہ۔

الفرقان ایک مقصدی دینی جریدہ ہے اور اس سے پہلے بعض بعض بہا خاص نمبر پلیش کر چکا ہے۔ ان خاص نمبروں میں سے ایک حج نمبر بھی تھا جس کی مقبولیت وافادیت نے ادارے کو مجبور کیا ہے کہ وہ حج نمبر کو مزید بہتر بنا کر دوبارہ شائع کرے۔

اس خاص نمبر کا آغاز "نگاہِ اولیں" کے عنوان سے مولانا ابوالحسن علی ندوی کے بیش قیمت مقالے سے ہوا ہے پھر مولانا حسین احمد مدنی کا ایک خط "سفرِ عشق" کے نام سے سامنے آتا ہے جو مولانا موصوف نے آج سے بائیس برس پہلے مولانا عبدالماجد دریا بادی کے نام اپنے سفرِ حج کے موقع پر لکھا تھا۔ اس خط میں عبودیت کے جذبے کا گہرا اثر نمایاں ہے۔ اس کے بعد مولانا محمد اویس ندوی اور مولانا مناظر احسن گیلانی کے سفرنامہ ہائے حج درج ہیں جن میں واردات قلبی بھی ہیں اور جزئیات بھی۔

پھر خاص نمبر حج کے نام مولانا منظور احمد صاحب نعمانی، مدیر الفرقان نے ایک خاص پیغام درج فرمایا ہے جس میں یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ آپ حج کس طرح کریں! پیغام محبت بھرا ہے، طرزِ تخاطب میں اخوت کی روح بول رہی ہے اور تمام ضروریات سفرِ حج کے بارے میں مشورے دینے کے علاوہ مولانا نے ضروریاتِ دینی و شرعی کے


© rasailojaraid.com